**اکثر پوچھے گئے سوالات: نان رسپانس فالو-اپ**

**نان رسپانس فالو-اپ (Census Nonresponse Follow-up،NRFU) ، یا "نیر-فو") کیا ہے؟**

- اب تک، لوگ مردم شماری آن لائن، ڈاک، یا فون کے ذریعہ مکمل کرتے رہے ہیں.
- نان-رسپانس فالو-اپ (NRFU) تب ہوتا ہے جب مردم شماری پر مامور لوگ ان تمام گھروں کا دورہ کرتے ہیں جنہوں نے اب تک مردم شماری مکمل نہیں کی ہے.

**نان رسپانس فالو-اپ کب شروع اور کب ختم ہوتا ہے؟**

- نان رسپانس فالو-اپ نیو یارک سٹی میں اسی ماہ اگست کی 6 تاریخ سے شروع ہو جائے گا.
- بیشتر آپریشن 11 اگست 2020 کو شروع ہوگا.
- فی الحال آپریشن 30 ستمبر کو ختم ہوگا.

**NRFU اس سال اتنی تاخیر سے کیوں شروع ہو رہا ہے؟**

- COVID-19 کی وجہ سے امریکی مردم شماری بیورو کو یہ کارروائی مؤخر کرنی پڑی تھی. NRFU کی شروعات وسط مئی سے وسط اگست میں منتقل کر دی گئی.
- اس مدت کے اختتام پر بھی جس میں آپ اب بھی آن لائن، بذریعہ فون، یا بذریعہ ڈاک جواب دے سکتے ہیں 31 جولائی سے 30 ستمبر 2020 تک کی توسیع کر دی گئی ہے.

**کیا میں اب بھی جبکہ NRFU شروع ہو چکا ہے مردم شماری مکمل کر سکتا /سکتی ہوں؟**

- ہاں، NRFU کے دوران بھی آپ از خود مردم شماری کا جواب آن لائن My2020Census.gov پر، بذریعہ فون 1-844-330-2020 پر یا بذریعہ ڈاک دے سکتے / سکتی ہیں.
- در حقیقت، نیو یارک کے تمام باشندگان کو اب از خود جواب دینا چاہیے.

**اگر میں نہ چاہوں کہ مردم شماری پر مامور کوئی شخص میرے گھر آئے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟**

- اگر آپ نہ چاہیں کہ مردم شماری پر مامور کوئی شخص آ کر آپ کا دروازہ کھٹکھٹائے تو آپ کو مردم شماری آن لائن، بذریعہ فون یا بذریعہ ڈاک 11 اگست سے پہلے مکمل کر لینا چاہیے.
- اگر آپ از خود مکمل اور درست جوابات دے دیتے/ دیتی ہیں تو شاید NRFU کے دوران کوئی شخص آپ کا دروازہ نہیں کھٹکھٹائے گا.

**اگر مجھے COVID-19 کی وجہ سے شخصی طور پر کسی شخص سے بات کرنے کے بارے میں تشویشات ہوں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟**

- اگر آپ شخصی طور پر انٹرویو انجام دینا نہیں چاہتے/ چاہتی ہیں تو آپ مردم شماری پر مامور شخص کو اسے فون پر مکمل کرنے کے لیے اپنا فون نمبر دے سکتے / سکتی ہیں.
- مردم شماری کے لیے دیے جانے والے تمام جوابات مکمل طور پر خفیہ اور وفاقی قانون کے تحت تحفظ یافتہ ہوتے ہیں.
- مردم شماری پر مامور شخص اور مردم شماری بیورو کو آپ کے جوابات کسی کے بھی ساتھ شیئر کرنے کی اجازت نہیں ہے — نہ تو امیگریشن کے ساتھ، نہ ہی پولیس، نہ ہی آپ کے مکان مالک کے ساتھ، حتی کہ سٹی آف نیو یارک کے ساتھ بھی نہیں.

**مردم شماری پر مامور لوگ کس طرح یقینی بنائیں گے کہ وہ کمیونٹیوں کے لیے COVID-19 کا خطرہ پیدا نہیں کر رہے ہیں؟**

- مردم شماری پر مامور تمام لوگوں کے لیے محلوں میں اپنا کام شروع کرنے سے پہلے سوشل ڈسٹنسنگ اور صحت وسلامتی کے دیگر پروٹوکول سے متعلق تربیت حاصل کرنا لازمی ہے. خاص طور پر، مردم شماری پر مامور لوگوں کو درج ذیل کی تربیت دی جائے گی:
    - ہمیشہ ماسک پہنیں
    - آپ کے گھر میں ہر گز داخل نہ ہوں
    - انٹرویوز انجام دیتے وقت 6 فٹ کی دوری برقرار رکھیں
    - صحت بخش حفظان صحت کی عادات کی تعمیل کریں، جیسے کثرت سے ہاتھوں کو دھونا

- ان سبھوں کو ہینڈ سینیٹائزر دیا جائے گا
- اگر وہ بیمار محسوس کرتے ہیں تو کام سے چھٹی لے کر گھر پر رہیں گے

**اگر مردم شماری پر مامور شخص میری گھریلو زبان میں بات نہیں کرتا ہے تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟**

- اگر مردم شماری پر مامور شخص آپ کی زبان میں بات نہیں کرتا ہے تو مردم شماری پر مامور کسی ایسے شخص کی جانب سے دوبارہ آنے کی درخواست کریں جو آپ کی زبان میں بات کرتا ہو۔
- مردم شماری پر مامور لوگوں کے پاس ایسے مواد بھی ہوں گے جن سے وہ آپ کی گھریلو زبان کی شناخت کر سکیں گے۔
  - مثال کے طور پر، آپ مردم شماری پر مامور شخص کو وہ زبان بتانے کے لیے جس میں آپ بات کرتے ہیں ایک کارڈ پر درج کسی زبان کی طرف اشارہ کر سکیں گے۔
- انگریزی کے علاوہ 59 زبانوں میں آن لائن لینگویج گائڈز اور ویڈیوز موجود ہیں، بشمول امریکی اشارتی زبان، بریل اور بڑے پرنٹ کے، تاکہ آپ کو مردم شماری 2020 مکمل کرنے میں مدد حاصل ہو۔ https://2020census.gov/en/languages.html
- مردم شماری سوالنامہ سے متعلق مدد (Census Questionnaire Assistance) کے مراکز میں ایسے اسٹاف ہیں جو 13 زبانوں میں مدد کر سکتے ہیں۔ https://2020census.gov/en/contact-us.html

**میں کسی امریکی مردم شماری بیورو کے ملازم کی شناخت کیسے کروں گا/گی؟**

- اگر مردم شماری پر مامور کوئی شخص آپ کے گھر آتا ہے تو پہلے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے جانچ کریں کہ ان کے پاس ایک درست شناختی بلّا موجود ہو جس پر ان کی تصویر ہو، امریکی ڈیپارٹمنٹ آف کامرس کا واٹر مارک ہو، نیز ایک تاریخ تنسیخ درج ہو۔
- آپ مردم شماری بیورو کے کسی نمائندہ سے بات کرنے اور اپنے دروازے پر موجود شخص کی شناخت کے لیے 212-882-7100 پرکال بھی کر سکتے/سکتی ہیں۔
- اگر آپ خود سے مردم شماری کا جواب مکمل اور درست طور پر دیے دیتے/دیتی ہیں تو اس سے آپ کے گھر پر مردم شماری پر مامور کسی شخص کے پہنچنے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔
- مردم شماری پر مامور لوگوں کے بارے میں مزید جاننے اور یہ کہ وہ کس طرح کام کرتے ہیں ان لنکس کو فالو کریں۔

**کیا ایسے مخصوص سوالات ہیں جن کے سلسلے میں توقع کی جاتی ہے کہ مردم شماری پر مامور لوگ نہیں پوچھیں گے؟**

- **مردم شماری پر مامور لوگ درج ذیل کے بارے میں ہر گز سوال نہیں کریں گے:**
  - امیگریشن کی حالت یا شہریت سے متعلق کوئی سوال
  - آپ کا ڈرائیونگ لائسنس یا ریاستی شناختی ثبوت
  - آپ کا سوشل سیکورٹی یا ITIN نمبر
  - آپ کا بینک اکاؤنٹ یا کریڈٹ کارڈ نمبر
  - کسی سیاسی جماعت کی طرف سے کوئی بھی چیز
  - رقم یا عطیے
- اگر آپ کو لگتا ہے کہ کسی شخص نے آپ سے رابطہ کیا ہے اور وہ مردم شماری پر مامور حقیقی بندہ نہیں ہے تو برائے مہربانی اس کی اطلاع کثیر لسانی آفس آف نیو امریکنس ہاٹ لائن (Office of New Americans Hotline) کو 1-800-566-7636 پر دیں۔

**اگر میرے پاس دستاویزات نہ ہوں تو کیا اس صورت میں مردم شماری پر مامور شخص سے بات کرنا محفوظ ہے؟**

- یہ کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ مردم شماری میں آپ کے امیگریشن کی حالت یا شہریت کے بارے میں کوئی سوال نہیں پوچھا جاتا ہے۔
- آپ کے جوابات امیگریشن اتھارٹیوں، پولیس، یا کسی دیگر قانون نافذ کنندہ ایجنسی کے ساتھ شیئر نہیں کیے جا سکتے ہیں۔

**مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ مردم شماری پر مامور کوئی شخص میری معلومات کو محفوظ رکھے گا؟**

- مردم شماری پر مامور لوگ آپ کی معلومات کو محفوظ رکھیں گے۔
- مردم شماری بیورو کے ملازمین وفاقی قانون کے تحت آپ کی معلومات خفیہ رکھنے کے پابند ہیں۔
- اگر وہ ٹائٹل 13 کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو انہیں 5 سال کی جیل اور $250,000 تک کے تاوان کا سامنا کرنا ہوگا۔

**مردم شماری پر مامور لوگ کہاں سے آتے ہیں؟**

- مردم شماری پر مامور لوگوں کا تعلق نیو یارک سے ہوتا ہے۔ انہیں مقامی کمیونٹیوں سے بھرتی کیا جاتا ہے اور وہ اکثر انہی کمیونٹیوں میں کام کرتے ہیں جن میں وہ خود رہتے ہیں۔ آپ کا مردم شماری پر مامور شخص ہو سکتا ہے آپ سے صرف چند بلاک کی دوری پر رہتا ہو یا وہ آپ کا ہمسایہ بھی ہو سکتا ہے۔

**اگر میں باہر ہوں یا کام پر ہوں تو مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ آیا مردم شماری پر مامور کوئی شخص میرے گھر پہنچا ہے؟**

- اگر مردم شماری پر مامور شخص کی آمد کے وقت گھر پر کوئی نہیں ہے تو مردم شماری پر مامور شخص اپنی آمد کے بارے میں ایک نوٹ چھوڑ جائے گا۔ اس نوٹ میں اس بارے میں معلومات ہوں گی کس طرح آن لائن، بذریعہ فون یا بذریعہ ڈاک جواب دیں۔
- آپ مردم شماری پر مامور کسی شخص کی ملازمت کی حالت کی تصدیق کے لیے 212-882-7100 پر کال کر سکتے/ سکتی ہیں۔

**اگر میں مردم شماری پر مامور کسی شخص کے سوال کا مکمل جواب نہیں دیتا /دیتی ہوں یا کچھ سوالوں کو بالکل ہی چھوڑ دیتا /دیتی ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟ کیا مردم شماری پر مامور کسی اور شخص کے ذریعہ کسی طرح کا فالو اپ کیا جائے گا؟**

- گھرانوں کو سوالنامے کا مکمل جواب دینے کی کوشش کرنی چاہیے۔ لیکن اگر آپ کو جواب معلوم نہ ہو یا کچھ سوالوں کو چھوڑ دینا چاہتے/چاہتی ہیں تو مردم شماری پر مامور شخص انٹرویو جاری رکھے گا۔
- کچھ ایک چیزیں بہر صورت ضروری ہیں: آپ کا پتہ، نام، اور آپ کے گھرانے میں لوگوں کی تعداد۔
- سوالوں کی ایک کم از کم تعداد ہے جن کا جواب دینا فارم کے "مکمل" تصور کیے جانے کے لیے لازمی ہے۔
- اگر آپ زیادہ سوالوں کا جواب دیتے /دیتی ہیں تو اس بات کا امکان بہت کم ہے کہ کوئی شخص آپ کا دروازہ کھٹکھٹائے گا۔
- صنف سے متعلق سوال کو چھوڑا جا سکتا ہے۔
- مردم شماری پر مامور اشخاص ان تمام لوگوں کی معلومات اکٹھا کریں گے جو رہائشی یونٹ میں رہ رہے ہوں۔ وہ آپ سے ان تمام لوگوں کی اطلاعات فراہم کرنے کو کہیں گے جو آپ کے گھرانے میں رہ رہے ہیں، خواہ وہ آپ کے رشتہ دار نہ ہوں۔
- آپ کو گھرانے میں رہ رہے ہر شخص کی معلومات فراہم کرنی چاہیے۔ اگر آپ اپنے گھر میں رہ رہی دیگر فیملی کے بارے میں معلومات فراہم نہیں کر پاتے/پاتی ہیں تو اس دیگر فیملی کے لیے بھی خود سے آن لائن، بذریعہ فون، یا بذریعہ ڈاک جواب دینا ضروری ہوگا۔

**کیا میرا بچہ (عمر 18 سال سے کم) بہ حیثیت مترجم کام کر سکتا ہے اگر میرا مردم شماری پر مامور شخص میری مادری زبان میں بات نہیں کرتا ہے؟ یا کسی دیگر مردم شماری پر مامور شخص کو میرے جوابات لینے کے لیے واپس اس پتے پر آنا ہوگا؟**

- ہاں، ایک بچہ اپنے والدین کے لیے بہ حیثیت مترجم کام کر سکتا ہے۔ اگر ترجمانی میں مدد کے لیے کوئی شخص دستیاب نہیں ہے اور زبان کی رکاوٹ موجود ہے تو مردم شماری پر مامور شخص اس معاملے کو مردم شماری پر مامور ایسے دیگر شخص کو سونپ دے گا جو مطلوبہ زبان بولنے پر قادر ہوگا۔

**ایسے لوگوں کے لیے جو COVID-19 کی وجہ سے NYC سے باہر منتقل ہو گئے اور اپنی مردم شماری کو NYC کے علاوہ کسی دوسرے پتے کو اپنا اصل گھر بتا کر مکمل کیا، وہ کس طرح اپنے جوابات کی اصلاح کر سکتے ہیں اور درج کر سکتے ہیں کہ وہ درحقیقت NYC کے رہائشی ہیں؟**

- آپ مردم شماری کے کسی جواب کو جسے آپ پہلے ہی بھیج چکے/چکی ہوں بدل نہیں سکتے /سکتی ہیں۔ اگر آپ نے مردم شماری کسی مختلف مقام پر مکمل کی ہے تو آپ کو اس گھرانے کے لیے مردم شماری دوبارہ مکمل کرنی ہوگی جہاں آپ عام طور پر وقت صرف کرتے /کرتی ہیں (1 اپریل 2020 تک)۔
- لوگ متعدد جوابات جمع کرا سکتے ہیں۔ مردم شماری بیورو کے پاس اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ایک طریق کار موجود ہے کہ آپ کا شمار دو بار نہ ہو۔

- مردم شماری بیورو کو دونوں رہائشی یونٹوں کے لیے ایک مکمل جواب کی ضرورت اب بھی ہوگی. اس میں موسمی گھر شامل ہیں جو فی الحال خالی پڑے ہیں. [اس طریق کار کی مزید تفصیل سے وضاحت میں مدد کرنے کے لیے مردم شماری بیورو کے پاس ایک فلائر موجود ہے.]()

**مردم شماری پر مامور کوئی شخص میرے گھر کتنی بار آئے گا؟ وہ کتنی کثرت سے آیا کریں گے؟**

- مردم شماری پر مامور اشخاص متعدد بار آپ تک پہنچنے کی کوشش کریں گے جس وقت آپ کے گھر پر ہونے کا امکان غالب ہوگا. ان کے لیے ہر ایک رہائشی یونٹ کے لیے ایک جواب حاصل کرنا ضروری ہے.
- کسی گھرانہ کے مردم شماری مکمل کر لینے کے بعد، اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اضافی ملاقاتیں ہو سکتی ہیں کہ ان کے پاس ضروری تمام ڈیٹا موجود ہے.
- یہ ملاقاتیں راتوں کو اور ہفتے کے آخری ایام میں ہو سکتی ہیں.

**اگر میں مردم شماری پر مامور اشخاص کی کسی بھی درخواستوں کا جواب نہ دوں تو ایسی صورت میں کیا ہوگا؟ کیا مردم شماری بیورو اس صورت میں بھی میری معلومات اکٹھا کر سکے گا؟**

- مردم شماری پر مامور اشخاص دیگر لوگوں (جیسے آپ کے ہمسایوں) سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں، لیکن یہ ان کی آخری جائے پناہ ہوتی ہے اور عام طور پر یہ معلومات کم درست ہوتی ہے.
  - ایک تخمینہ کے مطابق 15 فیصد لوگ اس عمل کے دوران "رو پوش ہو جاتے ہیں" جسے imputation کہا جاتا ہے. اس کا مطلب ہے کہ اگر مردم شماری درست طور پر مکمل نہیں کی جاتی ہے تو وہ فنڈنگ جو آپ کے دادا یا آپ کے بچہ کا حق ہے آپ کے علاقہ میں نہیں آ پائے گی. یاد رکھیں کہ مردم شماری اسکولوں، ہسپتالوں، اور سینئر سنٹرز کے لیے وفاقی فنڈنگ میں 1.5 ٹریلین ڈالرز کا فیصلہ کرتی ہے.
- اس کے علاوہ، مردم شماری بیورو کو ان گھرانوں کے لیے دیگر موجودہ حکومتی ریکارڈز کو استعمال کرنے کی ضرورت ہو سکتی ہے جو جواب نہیں دیتے ہیں.

**کیا میں مردم شماری پر مامور شخص سے دروازے کے پیچھے سے بات کر سکتا /سکتی ہوں؟**

- آپ ایسا کر سکتے / سکتی ہیں، لیکن آپ دروازے کو ذرا سے کھول دینا پسند کر سکتے/سکتی ہیں تاکہ آپ کو اپنی معلومات شیئر کرنے کے لیے بہت بلند آواز میں نہ بولنا پڑے. مردم شماری پر مامور شخص کے پاس مردم شماری کی شناختی دستاویز ہوگی اور وہ کوئی ماسک پہنے ہوئے ہوگا.
- آپ انٹرویو گھر سے باہر سمیت کسی دیگر مقام میں انجام دینے کی بھی درخواست کر سکتے / سکتی ہیں.
- ایک یاد دہانی کے طور پر، آپ اپنی مردم شماری آن لائن یا فون پر بھی مکمل کر سکتے / سکتی ہیں.

**کیا مردم شماری بیورو مردم شماری پر مامور اشخاص کی آمد سے پہلے میرے پراپرٹی مینیجر سے رابطہ کرے گا؟**

- جب کبھی یہ ممکن ہو، مردم شماری پر مامور اشخاص انٹرویوز سے قبل یا ان کی انجام دہی کے دوران پراپرٹی مینیجران سے رابطہ کریں گے. ایسا اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ہے کہ وہ ہر گھرانے تک پہنچتے ہیں.

**کیا ایک ہی عمارت میں کئی ایک مردم شماری پر مامور اشخاص کو بھیجا جائے گا؟**

- ہاں.

**مردم شماری پر مامور شخص کو اندر آنے دینے کے لیے میرے دربان کو کیسے معلوم ہوگا؟**

- مردم شماری سے وابستہ تمام ملازمین مردم شماری کا درست شناختی ثبوت پہنتے ہیں.

**بیسمنٹ اپارٹمنٹوں کے بارے میں کیا؟ مردم شماری پر مامور اشخاص کو کیسے پتہ چلے گا کہ کیسے اندر جانا ہے، خاص طور پر غیر قانونی ذیلی تقسیمات والی یونٹوں میں؟**

- مردم شماری پر مامور اشخاص ہر پتے پر تمام ممکنہ رہائشی یونٹوں کا پتہ لگانے کے لیے تربیت یافتہ ہیں. اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آیا کوئی اپارٹمنٹ قانونی ہے یا غیر قانونی، کون کرایے پر ہے، یا اس کے علاوہ کوئی چیز — سب سے اہم یہ ہے کہ آیا لوگ وہاں پر رہتے ہیں.

**کیا مردم شماری پر مامور اشخاص میری بلڈنگ کے ضابطوں کی تعمیل کریں گے؟ میری بلڈنگ مردم شماری پر مامور شخص کو لوگوں سے لابی میں یا مشترک علاقے میں ملاقات کرنے کا مطالبہ کر سکتی ہے اور ہو سکتا ہے وہ مردم شماری پر مامور شخص کو پوری بلڈنگ میں آزادانہ گھومنے کی اجازت نہ دیں.**

- مردم شماری پر مامور اشخاص ریاستی اور مقامی صحت سے متعلق ہدایات کی تعمیل کریں گے. مردم شماری پر مامور اشخاص ہمیشہ ماسک پہنیں گے. وہ بلڈنگ کے زیر عمل ضابطوں کی حتی الامکان تعمیل کی کوشش کریں گے.

**NYCHA کس طرح مردم شماری پر مامور اشخاص کے ساتھ تعامل کا منصوبہ بنا رہا ہے؟ NYCHA پراپرٹی مینیجران، کرایہ داروں کے لیڈران، اور کرایہ داروں کو کس طرح کی ہدایت دے رہا ہے؟**

- NYCHA یقینی بنا رہا ہے کہ ہر شخص کے پاس 2020 مردم شماری کے ساتھ تعاون کرنے کے لیے ضروری معلومات موجود ہوں. پراپرٹی مینیجران، کرایہ داروں کے لیڈران، اور کرایہ داروں کو NRFU کے لیے ٹائم لائن کے بارے میں معلومات بہم پہنچائی جا رہی ہیں، ان سے کیا مطلوب ہے، مردم شماری بیورو کس طرح COVID-19 کے دوران سلامتی کو یقینی بنا رہا ہے، اور فریب سے کس طرح بچا جائے.
- 2019 کے موسم خزاں سے، NYCHA نے کرایہ داروں کو اس بارے میں بتانا شروع کر دیا تھا کہ کس طرح مردم شماری آن لائن یا فون کے ذریعہ مکمل کریں اور اس کام کے لیے اس نے تقاریر، تمام گھرانوں کو خطوط ارسال کرنا، نیوز لیٹرز، سوشل میڈیا اور کرایہ داروں کے لیڈران کے ذریعہ مواصلت کا استعمال کیا تھا. COVID-19 کی عالمی وبا کو دیکھتے ہوئے، NYCHA مردم شماری 2020 میں حصّہ لینے کے لیے محفوظ ترین وسیلہ کے طور پر آن لائن تکمیل کی حوصلہ افزائی جاری رکھے گی.

**کیا آپ معلوماتی مقاصد کے لیے ایک تصویر فراہم کر سکتے ہیں کہ مردم شماری پر مامور شخص کا بلّا کیسا نظر آتا ہے؟**

- مردم شماری بیورو اس طرح کی تصاویر سیکورٹی کی تشویشات کے مد نظر بیرونی گروپوں کے ساتھ شیئر نہیں کرتا ہے.
- تاہم، مردم شماری پر مامور اشخاص کے پاس شناختی ثبوت ہوگا جو ان کے نام، ان کی تصویر، ڈیپارٹمنٹ آف کامرس کے واٹرمارک، اور ایک تاریخ تنسیخ پر مشتمل ہوگا.
- اس بات کی جانچ کے لیے آپ 212-882-7100 پر کال کر سکتے /سکتی ہیں کہ آیا وہ لوگ سرکاری مردم شماری پر مامور شخص ہے.

**وہ فون نمبر کیا ہے جس پر نیو یارک کے باشندگان کو اس بات کی تصدیق کے لیے کال کرنا چاہیے کہ دروازے پر دستک دینے والا شخص واقعی ایک مردم شماری پر مامور شخص ہے؟**

- سب سے پہلے جانچ کریں اور دیکھیں کہ آیا وہ اپنا درست مردم شماری کا شناختی ثبوت پہنے ہوئے ہیں. پھر اس بات کی جانچ کے لیے 212-882-7100 پر کال کریں کہ آیا وہ لوگ سرکاری مردم شماری پر مامور لوگ ہیں.

**کیا ایسے لوگوں کا کوئی شمار ہوگا جو بے گھر ہیں اور شیلٹر کے باہر رہتے ہیں؟ کیا یہ اس حقائق نامہ کے مطابق 22 ستمبر کو شروع ہوگا؟**

- مردم شماری بیورو کے پاس اس کے لیے ایک خصوصی آپریشن موجود ہے. یہ 22 ستمبر سے 24 ستمبر تک انجام پائے گا.

**کیا سروے کے وہ جوابات جنہیں مردم شماری پر مامور شخص نے اکٹھا کیے ہیں ان کا شمار NYC کے "از خود جواب" کی شرح میں ہوگا حالاں کہ اس میں مردم شماری پر مامور اشخاص کی شرکت رہی ہے؟**

- مردم شماری پر مامور اشخاص کے ذریعہ جمع کردہ جوابات کا شمار NYC کی آبادی کے شمار میں ہوگا، مگر ان کا شمار از خود جواب کی شرح میں نہیں ہوگا.

**کیا آپ ان نوٹس کی ایک نقل فراہم کر سکتے ہیں جو وہ اس صورت میں چھوڑ جائیں گے جبکہ وہ کسی گھرانے تک نہیں پہنچ سکیں گے؟**

- برائے مہربانی نمونے کا ایک وزٹ نوٹس یہاں ملاحظہ کریں.

**کیا بیشتر مردم شماری پر مامور اشخاص نیو یارک شہر کے ہوں گے؟**

- ہاں، NYC میں کام کرنے والے بیشتر مردم شماری پر مامور اشخاص NYC میں رہتے ہیں.